لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۳۰	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۷ جمادی الاول سنہ ۱۳۳۶ھ مطابق ۱۱ مارچ سنہ ۱۹۱۸ء	نمبر ۱۰

حکم اجلاس ہمایوں بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲۰ فروری سنہ ۱۹۱۸ء

مراتب مندرجہ رپورٹ کی منظوری دیجاتی ہے - کاغذات بذریعہ احکام صاحب ہوم سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہوں

اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

بذریعہ عرض

جناب عالی

آمدنی چنگی میں اضافہ ہونے کے خیال سے محصول بڑھا دیا گیا ہے - سپرنٹنڈنٹ میر ساند

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	بیشی محصول چنگی بخیال اضافہ آمدنی	۱ و ۲
۲	نصف فیس امتحان شہواریان جو نصف معاف کی گئی تھی بحال ہو	۲ و ۳
۳	تقرر ڈاکٹر خیرالدین صاحب پنجابی	۳
۴	مستقلی سید رشید حسن صاحب اسسٹنٹ مدبر	″
۵	تقرر محمد داؤد صاحب	″
۶	ترمیم دفعہ قواعد شہواریان	″
۷	ممانعت ارسال درخواست استوار قسط طلبیہ ڈاک	″
۸	اجازت وکالت حسب دستور بہ قاضی ... حسین صاحب وکیل	۴
۹	رخصت افسر کار مقاتر جات	″
۱۰	نقشہ نرخنامہ ... [illegible]	″

چنگی کی رپورٹ ہی کہ میونسپل مینول قاعدہ (۲۹) الف مین یہ عبارت بڑہائی گئی ہی کہ محصول چنگی واجب الادا کا حساب لگانے مین پوری پیسہ کا حساب لگایا جایگا - اور پیسہ کی کوئی کسر آرندہ سے طلب نہ کیجایگی بدرجہ حساب ہوگی - مثلاً محصول چنگی ۲ یا ۴ پائی ہوتا ہو تو دونون صورتون مین ایک پیسہ لیا جایگا - اور اگر محصول چنگی ۵ یا ۷ پائی ہوتا ہو تو دو پیسہ لینا چاہئین - اس بارہ مین ممبر صاحبان بورڈ آف آڈٹ سے راے طلب کی گئی - ممبران بورڈ آف آڈٹ کی راے مفصل شامل ہی ذریعہ میونسپل افسر جناب سپرنڈنٹ چنگی سے مفصل فہرست اشیاء لائق اخذ محصول چنگی طلب کی گئی وہ فہرست ہمرشتہ ہی - فہرست کے ملاحظہ سے واضح راے عالی ہوگا کہ پہلے محصول چنگی کیا مقرر تہا اور اب کسقدر ایزادی کی گئی ہی - جن اشیاء پر پہلے محصول بشرح ۳ پائی مقرر تہا اُنپر ۵ پائی اور جنپر ۶ پائی مقرر تہا اُنپر ۸ پائی محصول لیا جاتا ہے - مادے پر پہلے محصول نہین تہا اور نہ کوئی اسکی آڑتہ ہی مادے پر بشرح فی روپیہ ۵ پائی محصول لیا جاتا ہی - یہ ایک تجارتی شے ہے از روے قانون جس شے پر محصول نہو اُسپر محصول واجب ہونا چاہئے - لکڑی سوختنی کی تجارت کثرت سے ہوتی ہی - لکڑی پر بشرح فی روپیہ ۳ پائی محصول مقرر ہونا چاہئے - اور ذاتی مصارف کی لکڑی محصول سے مستثنے رہنا چاہئے کوئلہ تجارتی مال ہی اسپر بہی محصول باہر جانے پر بشرح ۵ پائی مقرر ہونا چاہئے کس ببول پر بشرح ۳ پائی فی روپیہ محصول کی منظوری اجلاس ہمایون سے سابق مین ہو چکی ہی - اس شرط سے کہ اگر حدود میونسپلٹی مین فروخت ہو - چونکہ اسکی تجارت کثرت سے ہو رہی ہی - بشرح فی روپیہ ۵ پائی محصول مقرر ہونا چاہئے - چونکہ شہر مین کس صرف نہین ہوتا ہی - باہر جانے پر محصول واجب مقرر ہونا چاہئے - لہذا عرضداشت ہذا بغرض صدور حکم منظوری اجلاس ہمایون مین پیش کیجاتی ہی - دولت و اقبال پایندہ باد

فہرست اشیاء لائق اخذ محصول جدید ریاست رامپور

نمبر	نام قسم	شرح سابق	شرح حال	کیفیت
۱	بزازخانہ	۳ پائی	۵ پائی	
۲	بساطخانہ	"	"	
۳	کباڑ	"	"	
۴	ظروات	"	"	
۵	روغنیات و عرقیات	۶ پائی	۸ پائی	
۶	تمباکو	"	"	
۷	کرایہ پسرشتہ و عطاری	"	"	
۸	ترکاری میوہ	"	"	پیداوار انگریزی -
۹	شکر ولایتی	فی من	فی من	
۱۰	مٹی کا تیل	فی پیپہ	بشرح بازار	
۱۱	جواہرات	۶ پائی	.	از روے قانون محصول لینا چاہئے - مگر جیسے چنگی قائم ہوئی ہی بموجب حکم عالیجناب مرحوم سرکار کا محصول نہین لیا جاتا ہی -
۱	مادہ	محصول جدید ۵ پائی		مادہ ایک تجارتی چیز ہی اور ریاست مین اسکی کوئی آڑتہ نہین ہی قانوناً جس چیز پر محصول نہو محصول لینا چاہئے - لہذا بشرح ۵ پائی فی روپیہ محصول لیا جاتا ہی -
۲	لکڑی سوختنی	۳ پائی		لکڑی سوختنی کی تجارت کثرت سے ہوتی ہی - تجارتی لکڑی پر بشرح ۳ پائی فی روپیہ محصول مقرر کر دیا ہی اور ذاتی صرف پر محصول معاف کر دیا گیا ہی -
۳	کوئلہ	۵ پائی		کوئلہ پر محصول باہر جانے پر لیا جاتا ہی تجارتی مال ہی
۴	کس ببول	۵ پائی		منظوری کس ببول پر بشرح ۳ پائی فی روپیہ اجلاس ہمایون سے ہو چکی ہی جو اندر میونسپلٹی اگر فروخت ہو - چونکہ اسکی تجارت کثرت سے ہوتی ہی اسوقت مین بشرح ۵ پائی فی روپیہ لیا جائے باہر جانے پر - شہر مین کس صرف نہین ہوتا -

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

واقع ۲۰ فروری سنہ ۱۹۱۹ء

مراتب مندرجہ رپورٹ کی منظوری دیجاتی ہی - کاغذات بنابر کارروائی واپس ہون

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

پٹواریان کے امتحان میں جو لوگ پرائیوٹ طور پر شریک ہوتے ہیں اُن سے بموجب دفعہ ۶۵ دستور العمل پٹواریان بیس روپیہ فیس شرکت امتحان لیجاتی ہے لیکن دستور العمل مذکور میں امور مندرجہ ذیل کی صراحت نہیں ہے جسکی بابت صاحب مہتمم بندوبست نے اپنی راے رپورٹ میں ظاہر کرکے منظوری چاہی ہے۔

۱ — جب کوئی شخص چند مضامین میں پاس ہو تو بقیہ مضامین میں امتحان دینے کو داخلہ کیواسطے کیا فیس ہوگی۔

۲ — پٹواریان پاس یافتہ علاقہ غیر جو صرف قواعد ریاست میں امتحان دینگے اُنکی کیا فیس ہوگی۔

صاحب مہتمم بندوبست کی رپورٹ ۱۸ دسمبر سنہ ۱۹۱۷ء میں موجود ہے۔ بابت ترمیم دفعہ ۶۵ دستور العمل میں کسیقدر سختی ہے اگر بصورت ذیل منظوری فرمائی جاے تو سختی جاتی رہیگی۔

جب کوئی نصف مضامین یا نصف سے کم میں فیل ہو تو بقیہ مضامین کے داخلہ امتحان کیواسطے دس روپیہ فیس لیجاے۔ اور اس سے زائد میں پوری بیس روپیہ فیس داخلہ ہونا چاہئے۔ اور پٹواریان پاس یافتہ مدرسہ غیر سے نصف فیس دس روپیہ لیجاے۔ لہذا جملہ کاغذات براے صدور حکم منظوری ابلاغ حضور ہیں۔

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم

تقرر

۲۵ فروری سنہ ۱۹۱۸ء

حسب عرضداشت صاحب ہوم سکریٹری بہادر تقرر ڈاکٹر خیر الدین پنجابی بشاہرہ پچاس روپیہ ماہوار ۱۳ فروری سنہ حال سے بجاے ڈاکٹر امداد حسین خان اسسٹنٹ فی الحال بلا الاونس شفاخانہ سفری میں منظور فرمایا گیا۔ اور پندرہ روپیہ ماہوار الاونس مسٹر موہن لال ہیڈ ڈاکٹر کا بوجہ تبدیل ہو جانے شفاخانہ بلاسپور ۱۳ فروری کے سے مسدود ہوا۔

مستقلی

۲۵ فروری سنہ ۱۹۱۸ء

حسب عرضداشت صاحب ہوم سکریٹری بہادر سید رشید حسن سب اوورسیر میونسپلٹی بشاہرہ چالیس روپیہ ماہوار کا مستقلی تاریخ ختم مدت امتحان سہ ماہہ سے بوجہ حسن کارگذاری منظور فرمایا گیا۔

تقرر

۲۷ فروری سنہ ۱۹۱۸ء

حسب عرضداشت میر منشی اجلاس ہمایون محمد داؤد کا تقرر بشاہرہ بیس روپیہ ماہوار یکم مارچ سنہ ۱۹۱۸ء سے بوجہ کثرت کار فی الحال صیغہ انگریزی اجلاس ہمایون میں منظور فرمایا گیا۔

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

ترمیم دفعہ ۶۵

۲۶ فروری سنہ ۱۹۱۸ء

حسب منشاء حکم منظوری اجلاس ہمایون ترمیم دفعہ ۶۵ قواعد پٹواریان صرف اسقدر کیجاتی ہے (۱۵ جنوری کے ۱۵ دسمبر سے پڑتال شروع کیجاے اور اوائل فروری میں پٹواری اپنی پڑتال بریج سے فارغ ہو جاے) احکام جاری ہوے۔

ممانعت

۹ فروری سنہ ۱۹۱۸ء

آئندہ مستاجران التواء قسط کی درخواست ڈاک میں بھیجنے کے مجاز نہونگے اور اگر بھیجینگے تو چاک کردی جائیگی اور اُسپر کوئی لحاظ نہوگا۔

ملخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

اجازت

۵ مارچ سنہ ۱۹۱۸ء

بر بنا درخواست و حسب سفارش مفتی صاحب دیوانی و صاحب ڈسٹرکٹ سشن جج بہادر نامی نذر حسین وکیل کو قبل از انقضاء بقیہ میعاد معطلی معافی دیکر اجازت وکالت بدستور دیگئی۔

ملخص حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

رخصت

۲ مارچ سنہ ۱۹۱۸ء

حسب منظوری اجلاس ہمایون رخصت نو یوم منشی ہردیو پرشاد صاحب افسر کارخانہ جات کی بوجہ شادی دختر ہوئی اور بجائے انکے منشی حبیب الرحمن خان اسسٹنٹ افسر کارخانجات منظور ہوئی۔

مطبع ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا